© rasailojaraid.com

کاوش کا دارین میں صلہ عطا فرمائے۔ کتاب کا ورق ہلکا اور جلد بندی مضبوط ہے۔

**کشف النقاب عن مسئلۃ الحجاب (حجاب قرآن وحدیث کی روشنی میں)، مؤلف: مولانا محمد کریم بخش ؒ، ناشر: دارالکتاب غزنی سٹریٹ اردو بازار، لاہور، صفحات: ۱۲۰، قیمت: ۸۰ روپے۔**

اس کتاب میں پروفیسر مولانا محمد کریم بخش ملتانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے قرآن وحدیث اور اجماع امت سے پردے اور حجاب کی حقیقت واصلیت پر گفتگو کی ہے، پہلے قرآنی آیات سے استدلال کیا ہے، پھر احادیث مبارکہ سے اور آخر میں اجماع امت اور اقوال سلف سے اس کی تائید پیش کی ہے، کتاب کے آخر میں پردہ کے مخالفین کے اشکالات وشبہات کا رد پیش کیا گیا ہے، اپنے موضوع پر یہ ایک مفید کتاب ہے، جس میں پردہ کی حقیقت واصلیت اور عورت کی حیثیت سے متعلق اچھا مواد جمع ہو گیا ہے، کتاب کی طباعت واشاعت میں معیار کا خیال رکھا گیا ہے۔

**ماہنامہ فیضانِ سعد لاہور، صفحات: ۱۲۸، قیمت: ۶۰ روپے۔**

یہ ایک ماہنامہ رسالہ ہے، جو مفتی محمد شفیق عارف مجددی صاحب کی زیر نگرانی شائع ہوتا ہے، رسالے کے مدیر اعلیٰ صوفی اشفاق اللہ واجد مجددی ہیں اور اس کے سرپرست اعلیٰ کے نیچے حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب دامت برکاتہم العالیہ کا نام لکھا ہوا ہے، ہمارے سامنے یہ اس ماہنامے کی خصوصی اشاعت (رجب المرجب تا رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ) ''سیدامیر معاویہؓ نمبر'' ہے، جس میں اس عظیم صحابی رسول کی سیرت وکردار، اوصاف وکمالات، عظمت ومقام اور اسلام کی سربلندی کے لئے ان کی خدمات جلیلہ کو اجاگر کرنے کے لئے مختلف اہل علم کے علمی وتحقیقی مضامین کو جمع کیا گیا ہے، اگر قارئین اس عمدہ کاوش سے استفادہ کرنا چاہیں تو رسالے کا دفتری پتہ یہ ہے:

جامعہ سراجیہ پینسرہ روڈ، نزد الحرمین CNG، گوجرہ، ضلع ٹوبہ۔

**اللہ کے راستے میں نکلنے والوں کی حیرت انگیز کارگزاریاں، خطبات: مولانا طارق جمیل صاحب، ناشر: دارالکتاب، کتاب مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور، صفحات: ۳۵۲، قیمت: ۱۷۰۔**

یہ مشہور عالم دین اور مبلغ مولانا طارق جمیل صاحب کے بیانات کے مطبوعہ مجموعوں میں سے ایمان افروز اور حیرت انگیز کارگزاریوں اور واقعات کا انتخاب ہے، جسے مدرسہ عربیہ مخزن العلوم کھائی تحصیل اوگی ضلع مانسہرہ کے مہتمم مولانا فضل الرحمٰن رشیدی صاحب نے مرتب کیا ہے، ابتداء میں حافظ مؤمن خان عثمانی صاحب کا پیش لفظ ہے، اس میں انہوں نے کتاب کے بارے میں لکھا ہے کہ:

''زیر نظر کتاب میں آپ پڑھیں گے کہ امریکہ، برطانیہ، فرانس، ہالینڈ، جرمنی اور دوسرے مغربی ومشرقی ممالک میں لوگ کس طرح دین کے شیدائی بن گئے اور کتنے گرجے مساجد ومدارس میں تبدیل ہو گئے، مرتد دائرۂ اسلام میں دوبارہ داخل ہوئے اور کتنے غیر مسلم مشرف بہ اسلام ہوئے، کتنے بے قرار دلوں کو اللہ تعالیٰ



© rasailojaraid.com